FAST TRACK PROMOTION EXAMINATION
OF DEPUTY SUPERINTENDENT OF POLICE (2022)
KHYBER PAKHTUNKHWA PUBLIC SERVICE COMMISSION

PAPER:06: ENGLISH COMPOSITION AND COMPREHENSION

Time: 03:00 Hours Total Marks: 100

NOTE: Attempt any FOUR questions. Question No. 1 is compulsory.

Q No. I. Information has been received that commission of an offence has occurred in the nearby fields of Misri Banda, Karak. A dead body is lying on the spot. Complainant Nasir Khan has narrated that two armed persons, namely Khurshid and Nawab, sons of Sheraz Gul, had opened fire on him, his brothers, Naveed and Ayaz at 10:00 AM, while they were doing some farming activities in their field. One of the brothers, Naveed was hit on his front and succumbed to injuries, while others got escaped narrowly. Reason for the enmity is given as perenial land dispute since the time of their forefathers. **(40)**

i. Being SHO of the Police Station make and write an FIR in English on the above commission of offence. **(20)**

ii. Being SDPO of the circle write the First Case Diary of the above case while giving detailed instructions to the Investigation Officer how to proceed in the instant case. **(20)**

Q. No. II. A Juvenile has been murdered. Accused arrested. The I.O has availed a three day police custody of the accused. The Judicial Magistrate has refused to grant further custody. The incident has been widely reported in the national press. The NGOs are agitating.Being SDPO of the Circle concerned, write an application in English to the District and Session Judge, requesting therein to direct the Judicial Magistrate for reconsidering the remand. Give at least seven (07) cogent reasons for your demand for extended police coustody. **(20)**

Q. No. III. A girl of 13 years old is sexually molested. Evidence collected from the scene of crime is sent to the Director Forensic Science Laboratory. Fourteen days have been passed since the depatch of the parcels. No reply is received to the I.O till this time. Being SDPO of the Circle, write an applicaion to the Director, FSL for an early reply. Give solid reasons and justification for a speedy process of corrospondence in the instant case. **(20)**

Q.No. IV. A petrol pump is attacked by five armed persons. Cash has been looted. During resistance the accountant of the company got seriously injured. The accuseds have drunk water on the spot. Empty bottle of water recovered from the scene of crime. Hair and torn pieces of clothes also recovered from the hands of the deceased. Evidence so collected is sent to the DNA-Labortory, Lahore for examination. Being SDPO of the Circle, write an application to the Director of the said facility to provide you a DNA-matching test as early as possible. Your application should be convincing enough to provide you an early response in the instant case as the Chief Minster of the Province and Interior Minister of Pakistan have taken serious notice of the incident. **(20)**

Q.No.V. A deadly suicide attack has occurred in a crowded market in Peshawar. The Interior Minister of Pakistan has asked for four pages report on the physical damages, human losses and intial rescue activities during the attack. The Minister has also asked for an analysis of the incident, terrorist organization so identified, progress of the police investigation so far, and way forward to prevent such attacks in busy and populated areas in future. The IGP has assigned the duty of writing such a report to you as an Incharge of the said sub-division. **(20)**

# KHYBER PAKHTUNKHWA PUBLIC SERVICE COMMISSION

## FAST TRACK PROMOTION FOR THE POST OF SUB-INSPECTOR OF POLICE (BPS-14), 2022

### (PAKISTAN AFFAIRS / GENERAL KNOWLEDGE)

Time Allowed: 03 Hours                                        Max Marks: 100

نوٹ: کل پانچ سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

---

سوال نمبر 1: تمام سوالات کے جوابات جوابی کاپی پر لکھیں۔ تحریر کے اوپر لکھنے (over writing) سے اجتناب کریں۔

i. غربت کے لحاظ سے پاکستان کا کونسا صوبہ سب سے زیادہ غریب ہے؟

ii. کیا کوئی غیر مسلم قومی اسمبلی کا سپیکر بن سکتا ہے؟

iii. خلفائے راشدین کے حکومت کا دورانیہ تقریباً کتنا ہے؟

iv. کیا ترکی ہمارا مسلم ہمسایہ ملک ہے؟

v. پاکستان کی کونسی مشہور بندرگاہ بلوچستان میں واقع ہے؟

vi. پاکستان ایک وفاق ہے۔ اس میں کون کون سے علاقے شامل ہیں؟

vii. قیام پاکستان کے وقت پاکستان میں شامل ہونے والی تین ریاستوں کے نام بتائیں؟

viii. آئین کی رو سے کیا ملک کا وزیراعظم صوبے کے وزیراعلیٰ کو برطرف کر سکتا ہے؟

ix. رات کو درختوں کے نیچے نہیں سونا چاہئے۔ کیوں؟

x. عام طور پر استعمال ہونے والے سوشل میڈیا کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 2: پاکستان میں 1973 کا آئین نافذ ہے۔ آپ اس آئین کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟

سوال نمبر 3: عوام کا محکمہ پولیس پر کس حد تک اعتماد ہے؟ آپ اس اعتماد کو بڑھانے کے لئے کیا کیا اقدامات تجویز کرتے ہیں۔

سوال نمبر 4: پاکستان کے درآمدات اور برآمدات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال نمبر 5: جب تک افغانستان میں امن نہیں آتا پاکستان میں امن آنا مشکل ہے۔ آپ کے خیال میں اس کی وجوہات کیا ہیں۔

سوال نمبر 6: قائداعظم محمد علی جناح کیوں بڑے لیڈر رہیں؟

سوال نمبر 7: غربت اور جہالت پاکستان کے دو بڑے مسائل ہیں۔ ان مسائل کو کیسے حل کیا جا سکتا ہے؟

# Khyber Pakhtunkhwa Public Service Commission

## Competitive Examination of Deputy Superintendent of Police

## Computer Literacy

**Paper Duration: 3 Hour** **Marks: 50**

Note: **Attempt Five (05) Questions. Each Question carry equal marks.**

1. What are the commonly input, output & processing devices .i.e. Airthematic & Logic, Memory & Control Unit used in Computer Explain?

2. Explain the components of Email such as Inbox, Sent, Junk, Draft, Compose including (To, Subject, Attachment) and its functionality?

3. Explain different toolbar such as Standard, table, formatting & drawing toolbar and Addins, Illustration in MS Word?

4. Explain the term WordArt, Font style, Font Effect, Text Effects, Clipboard in MS Word?

5. Explain the terms Sort, Filter, Pivot Table, Clear, Fill in MS Excel?

6. Explain the Graphical representation of Data (Charts) in MS Excel?

7. Explain how many object can be added using insert menu to MS PowerPoint slides and what are their functionalities?

8. Explain the difference between embedded object & linked Object in MS PowerPoint?

9. What is the difference between LAN & WAN and also explain their relationship with internet and intranet?

10. Explain the internet related terms: www, login, https, bookmark, cookies.

**FAST TRACK PROMOTION EXAMINATION OF**
**DEPUTY SUPERINTENDENT OF POLICE (2022)**
**KHYBER PAKHTUNKHWA PUBLIC SERVICE COMMISSION**

**PAPER: 05: Intelligence and Surveillance and Security**

**Time: 03:00 Hours** **Total Marks: 100**

**نوٹ:۔ کل پانچ سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔**

**سوال نمبر1 :۔**

A۔ Surveillance کا مطلب __________ ہے۔

B۔ انٹیلی جنس کے معنی __________ ہے۔

C۔ دشمن ملک یا دشمن تنظیم کے اندر جا کر اپنے ملک کے لیے ان کے راز معلوم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اُسے __________ سیکورٹی کہتے ہیں۔

D۔ مجمع خلاف قانون کو منتشر کرنے کے لیے متفرق نفری کی تعداد __________ ہو گی۔

E۔ ناکہ بندی __________ مراحل کی جاتی ہے۔

F۔ لاء اینڈ آرڈر کے سلسلے میں بنیادی ارکان __________ ہیں۔

G۔ لاء اینڈ آرڈر کی کشیدہ صورتحال کنٹرول کرنے کے لیے حکمت عملی کی __________ قسمیں ہیں۔

H۔ پولی گراف کا مشین __________ ثابت کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

I۔ مطیع کا __________ مطلب ہے۔

J۔ ڈی بریفینگ سے __________ مراد ہے۔

سوال نمبر2:۔ سیکورٹی کی کتنی قسمیں ہیں؟ ہر قسم پر علیحدہ مفصل نوٹ لکھیں؟

سوال نمبر3:۔ سرویلنس کے مقاصد بیان کیجئے۔ یہ کن طریقوں سے کی جاسکتی ہے؟ مفصل جواب دیں۔

سوال نمبر4۔ ان دہشت گرد تنظیموں کے نام لکھیں جن پر حکومت پاکستان نے پابندی عائد کر رکھی ہے؟ نیز انٹیلی جنس حاصل کرنے کی بنیادی تکنیکس کون کون سی ہیں؟

سوال نمبر5۔ دہشت گردی کی کتنی قسمیں ہیں؟ اور ان کی روک تھام کس طرح ممکن ہے؟

سوال نمبر6۔ Blue Book سے کیا مراد ہے؟ نیز فل ایریا میں کون کون سے سیکورٹی کے امور کو مد نظر رکھنا چاہیئے؟

سوال نمبر7۔ کمانڈ پوسٹ سے کیا مراد ہے؟ نیز کمانڈ پوسٹ میں کن عوامل کو مد نظر رکھنا ضروری ہے؟

**FAST TRACK PROMOTIONAL EXAMINATION FOR**
**THE POST OFOF DEPUTY SUPERINTENDENT OF POLICE**-2022
KHYBER PAKHTUNKHWA PUBLIC SERVICE COMMISSION

**PAPER: 01: CRIMINAL CASE STUDY BASED ON ADVANCE COURSE**

TIME: 03 HOURS MARKS: 100

**تمام سوالات لازمی ہیں۔ نمبر برابر ہیں۔**

سوال نمبر1: آپ کو بحیثیت ایس ایچ او انسپکٹر بدوران گشت مدعی گل خان ولد باچا خان سکنہ میر وبک بانڈہ بوقت 16:00 بجے رپورٹ کرتا ہے کہ وہ بمعہ اسد، عمیر پسران بسواری موٹر کار سمانہ جا رہے تھے۔ نزد سرخ پل چار نامعلوم ملزمان نمودار ہو کر ان سے مجموعی طور پر دو لاکھ روپے چھینتے ہیں اور مزاحمت پر اسد کو زخمی کرتے ہیں۔ موقع پر ملزمان سے ایک عدد موبائل سیٹ رہ جاتا ہے۔ مدعی کی رپورٹ پر ایف آئی آر درج کر کے ذیل کاروائی عمل میں لائیں۔

سوال نمبر2: نقشہ موقع مرتب کریں اور ضمنی نمبر ایک تحریر کریں۔

سوال نمبر3: زخمی اسد کا نقشہ ضرر مرتب کر کے ہسپتال روانہ کریں۔

سوال نمبر4: فرد مقبوضگی مرتب کریں۔

سوال نمبر5: موقع پر موجود موبائل سے فنگر پرنٹ بذریعہ ایکسپرٹ قبضہ کریں اور فرد تحریر کریں۔

سوال نمبر6: موبائل نمبر سے ملزمان ٹریس کرنے کے لیے متعلقہ ادارے کو سی ڈی آر اور شناخت کے لیے تحریر کریں۔

سوال نمبر7: ملزمان گرفتار کر کے کارڈ گرفتاری جاری کریں۔

سوال نمبر8: فرد برآمدگی مال مسروقہ مرتب کریں۔

سوال نمبر9: ملزمان کی شناخت پریڈ کے لیے تحریر کریں۔

سوال نمبر10: فرد خلاصہ اور چالان مکمل مرتب کریں۔

# FAST TRACK PROMOTION EXAMINATION OF DEPUTY SUPERINTENDENT OF POLICE (2022)
## KHYBER PAKHTUNKHWA PUBLIC SERVICE COMMISSION
## PAPER: 02: Local and Special Laws (لوکل اینڈ سپیشل لاء)

**Time: 03:00 Hours** **Total Marks: 100**

نوٹ:۔ سوال نمبر 1 لازمی ہے۔ باقی حصہ اول میں سے دو جبکہ حصص دوئم اور سوئم میں سے ایک ایک سوال حل کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر 1:۔

A۔KPK پابندی کرائے کی عمارت (سیکورٹی) ایکٹ 2014 دفعہ نمبر____ کے احکام کے مطابق محکمہ مال عمارت کی ملکیت کے سلسلے میں معلومات پولیس کو فراہم کرے گا۔

B۔KPK ہوٹل سیکورٹی ایکٹ 2014 دفعہ نمبر____ کے حوالہ سے اس قانون کے نفاذ کے بعد حکومت مہمانوں کے ہارڈ ویئر / سافٹ ویئر کی تیاری کے سلسلے میں محکمہ پولیس کی امداد کرے گی۔

C۔KPK حساس اور اہم تنصیبات اور مقامات کی (سیکورٹی) ایکٹ 2015 Prescribed سے مراد____________ ہے۔

D۔KPK اسلحہ ایکٹ سال 2013 دفعہ نمبر 9 میں______________ کی ممانعت ہے۔

E۔ ایکٹ انسداد رشوت ستانی سال 1947 کے احکام کے مطابق__________ عہدہ سے کم تر درجہ کا کوئی پولیس افسر گرفتاری نہیں کر سکتا ہے۔

F۔ آرڈر امتناع منشیات سال 1979 کے احکام کے مطابق "تعظیر" سے____________ مراد ہے۔

G۔ دہشت گردی ایکٹ سال 1997 دفعہ__________ کے احکام کے مطابق ضبطی کا حکم صادر کرنے کا اختیار عدالت انسداد دہشت گردی کو حاصل ہے۔

H۔ لاوڈ سپیکر پر نگرانی کا آرڈیننس سال________ ء سے نافذ العمل ہے۔

I۔ قیام امن عامہ آرڈیننس سال 1960 دفعہ نمبر__________ کے احکام کے مطابق جرائم قابل دست اندازی اور قابل ضمانت ہوں گے۔

J۔ پولیس ایکٹ 2017ء کے احکام کے مطابق جائیداد سے____________ مراد ہے۔

**(حصہ اول)**

سوال نمبر 1:۔ منشیات آرڈر کے احکام کے مطابق آرٹیکلز کے حوالہ سے ان صورتوں کی وضاحت کیجئے جن کے تحت پولیس افسر سزا کا مستوجب ہو گا۔

سوال نمبر 2۔ ایکٹ انسداد رشوت ستانی دفعہ کے حوالہ سے لکھیں کہ ملزم شخص اپنے ہی مقدمہ میں گواہ صفائی کے طور پر پیش ہو سکتا ہے نیز اس پر کن شرائط کا اطلاق ہو گا؟

سوال نمبر 3۔ خواب آور مادوں پر نگرانی کا ایکٹ 1997 دفعات کے حوالہ سے تلاشی اور گرفتاری کا طریقہ کار پر نوٹ لکھیں نیز کون سی دفعہ کے احکام کے مطابق خواب آور ادویات قبضہ میں رکھنے کی ممانعت ہے؟

**(حصہ دوئم)**

سوال نمبر 1:۔ پولیس ایکٹ سال 2017 دفعہ کے حوالہ سے لکھیں کہ پولیس کے عملہ کی تنظیم ان کے کاموں کی بنیاد پر ہو گی۔

سوال نمبر 2۔ رپورٹ تحقیقات سبب موت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز اگر نعش کی شناخت نہ ہو سکے تو ایسی صورت میں قاعدہ کیا ہدایات دیتا ہے؟ تفصیلاً لکھیں۔

**(حصہ سوئم)**

سوال نمبر 1:۔ آئین پاکستان آرٹیکلز کے حوالہ سے ذیل پر نوٹ لکھیں۔

i۔ بنیادی حقوق کے منافی قوانین کالعدم ہوں گے۔ ii۔ غلامی اور بیگار وغیرہ کی ممانعت۔

سوال نمبر 2۔ بنیادی انسانی حقوق کے تصور پر روشنی ڈالیں اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین 1973ء میں انسانی حقوق کے نفاذ کے لیے عدلیہ کے اختیارات کا جائزہ لیں۔

**FAST TRACK PROMOTION EXAMINATION OF**
**DEPUTY SUPERINTENDENT OF POLICE (2022)**
**KHYBER PAKHTUNKHWA PUBLIC SERVICE COMMISSION**

**PAPER:03: CASE FILE PREPRATION**
**Time: 03:00 Hours Total Marks: 100**

نوٹ: کل دس سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر 1 : مندرجہ ذیل میں درست جواب کا انتخاب کریں۔

A. تفتیش کا مقصد

a۔ اصل حقائق معلوم کرنا b۔ ملزم کو سزا دلوانا۔ c۔ مدعی مقدمہ کی تائید کرنا۔

B. پولیس گواہ کا بیان کس ضابطہ کے تحت قلمبند کرے گی؟

a۔160 b۔161 c۔162

C. تفتیشی بیگ کا ذکر پولیس رولز کے کس باب فقرے میں ہے؟

a۔26-7 b۔25-1 c۔25-58

D۔ شناخت ملزمان قانون شہادت کس آرٹیکل کے تحت قابل ادخال ہے؟

a ۔ آرٹیکل 20 b۔ آرٹیکل 22 c۔ آرٹیکل 25

E۔ اندھے قتل کو ٹریس کرنے کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کون سے امور ضروری ہیں؟

a۔ جائے واردات b۔ مادی اور واقعاتی شہادتیں c۔ دونوں

F۔ چالان مکمل ضابطہ فوجداری کے کس دفعہ کے تحت دیا جاتا ہے؟

a۔144 ض ف b۔156 ض ف c۔173 ض ف

G۔ ضمنیات ضابطہ فوجداری کے کس دفعہ کے تحت تحریر کی جاتی ہیں؟

a۔161 ض ف b۔167 ض ف c۔157 ض ف

H۔ ڈکیتی اور سرقہ بالجبر میں ذیل فرق ہے۔

a۔ حلیہ ملزمان b۔ جگہ ملزمان c۔ تعداد ملزمان

I۔ مقتول کے کاغذات مرگ کو کیا کہتے ہیں؟

a۔ نقشہ ضرر b۔ فرد صورتحال c۔ فارم شناخت

J۔ ریمانڈ کی کتنی اقسام ہیں؟

a۔01 b۔04 c۔07

سوال نمبر 02: ابتدائی اطلاعی رپورٹ سے کیا مراد ہے؟ نیز اس کے اجزائے ضروریہ کیا ہیں؟ قانون کا حوالہ دیں۔

سوال نمبر 03: موقع واردات سے کیا مراد ہے؟ اس کی حفاظت کا طریقہ بیان کریں۔ نیز ملاحظہ موقعہ کی قانونی حیثیت اور اہمیت بیان کریں۔

سوال نمبر 04: فردات مقبوضگی سے کیا مراد ہے؟ اس کی قانونی حیثیت کیا ہے؟ کن اہم امور کا خیال رکھا جائے گا؟ بندش پارسل کے متعلق نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 05: کیمیکل مواد کو محفوظ کرنے کا طریقہ لکھیں۔ فرانزک سائنس لیبارٹری سے رائے موصول کرنے کے لیے درخواست تحریر کریں۔

سوال نمبر 06: تفتیش سے کیا مراد ہے؟ تفتیش کے مقاصد اور تفتیش کی قانونی حیثیت بیان کریں۔

سوال نمبر 07: چالان ضمنی اور چالان مرتب کرنے کا طریقہ بیان کریں۔ ان میں کیا کیا اندراجات ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 08: چالان مرتب کرنے کا طریقہ کار اور مثل پولیس اور جوڈیشل فائل کے ساتھ کون کون سی دستاویزات لف کی جاتی ہیں۔ ان کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔

سوال نمبر 09: گرفتاری سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام اور طریقہ کار بیان کریں۔ نیز قانون کا حوالہ دیتے ہوئے جامعہ تلاشی اور خانہ تلاشی کا طریقہ کار بیان کریں۔

سوال نمبر 10: مقدمہ قتل کا نقشہ موقعہ مرتب کریں۔ تفصیل ذیل ہے۔

A. جائے وقوعہ راستہ عام نزد جامعہ مسجد B۔ الف مقتول C۔ دو نفر ملزمان

D۔ برآمدگی 4 عدد خول اور خون آلود مٹی E۔ مدعی مقدمہ جو چشم دید گواہ ہے، کے علاوہ 2 اور گواہان چشم دید F۔ دیگر ضروری امور

سوال نمبر 11: اہم مقدمات کی اسلحہ جات (Case File) تیار کرتے وقت کن اہم امور کا خاص خیال رکھنا ضروری ہے؟

سوال نمبر 12: خواتین کے خلاف تشدد کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس پر ایک مفصل نوٹ لکھیں۔ نیز خواتین کو تشدد اور خوف و ہراس میں مبتلا کرنے کی اقسام لکھیں۔

**FAST TRACK PROMOTIONAL EXAMINATION FOR**
**THE POST OFOF DEPUTY SUPERINTENDENT OF POLICE**-2022
KHYBER PAKHTUNKHWA PUBLIC SERVICE COMMISSION

**PAPER: 04: PPW AND SCIENTIFIC INVESTIGATION (THEORY)**

TIME: 03 HOURS MARKS: 50

**نوٹ: کوئی سے پانچ سوالات حل کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔**

سوال نمبر 1: ایک مؤثر ایف آئی آر کے اندراج کے لیے کون سے پانچ لوازمات انتہائی ضروری ہیں اور اگر ایف آئی آر میں وجہ تاخیر درج نہ کی جائے تو مقدمہ پر کیا اثر پڑے گا؟

سوال نمبر 2: زنا بالجبر کے واقعات میں ایف آئی آر درج کرتے وقت کون کون سی ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔

سوال نمبر 3: خود کش حملہ آور سے بچاؤ کے لیے کون کون سی احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہیں؟

سوال نمبر 4: شناخت پریڈ کی قانونی حیثیت کیا ہے۔ اگر کسی مقدمہ میں ملزمان گرفتار ہو کر شناخت پریڈ نہ کرائی گئی ہو یا تاخیر سے کرائی گئی ہو تو مقدمہ پر کیا اثر پڑے گا؟

سوال نمبر 5: انٹاروگیشن کے طریقہ کار پر روشنی ڈالیں۔ کیا ملزم کی ہسٹری، حکمت عملی اور نرم رویہ کے بغیر یا ملزم پر تشدد کرنے سے کامیابی ممکن ہے؟

سوال نمبر 6: مقدمات جیب تراشی کی تفتیش کا طریقہ کار کیا ہے؟ جیب تراش گروہوں کی صورت میں وارداتیں کرتے ہیں، ان کا سدِّباب کس طرح ہو گا؟

سوال نمبر 7: پولیس میں مروّجہ "پراگرس" سے کیا مراد ہے؟ اس کے نقصانات کیا ہیں؟ نیز محکمہ اور عوام پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟